## سوال

(458) میت کے پاؤں میں کھڑے ہوکر مذکورہ آیات تلاوت کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز جنازہ کے بعد قبر تیار ہونے کے بعد (اکثر دیوبندی علماء حضرات اور بعض چھوٹی چھوٹی نماز کی کتب اہل حدیث میں بھی نظر سے گزرا ہے ) قبر کی سرہاندی پر کھڑے ہوکر

ذٰلِكَ الكِتـٰبُ لا رَيبَ ۛ فيهِ ۛ هُدًى لِلمُتَّقينَ ٢ الَّذينَ يُؤمِنونَ بِالغَيبِ وَيُقيمونَ الصَّلوٰةَ وَمِمّا رَزَقنـٰهُم يُنفِقونَ ٣ وَالَّذينَ يُؤمِنونَ بِما أُنزِلَ إِلَيكَ وَما أُنزِلَ مِن قَبلِكَ وَبِالءاخِرَةِ هُم يوقِنونَ ٤ أُولـٰئِكَ عَلىٰ هُدًى مِن رَبِّهِم ۖ وَأُولـٰئِكَ هُمُ المُفلِحونَ ٥ ... سورة البقرة

اور ٹانگوں کی طرف

هُوَ اللَّهُ الَّذى لا إِلـٰهَ إِلّا هُوَ ۖ عـٰلِمُ الغَيبِ وَالشَّهـٰدَةِ ۖ هُوَ الرَّحمـٰنُ الرَّحيمُ ٢٢ هُوَ اللَّهُ الَّذى لا إِلـٰهَ إِلّا هُوَ المَلِكُ القُدّوسُ السَّلـٰمُ المُؤمِنُ المُهَيمِنُ العَزيزُ الجَبّارُ المُتَكَبِّرُ ۚ سُبحـٰنَ اللَّهِ عَمّا يُشرِكونَ ٢٣ هُوَ اللَّهُ الخـٰلِقُ البارِئُ المُصَوِّرُ ۖ لَهُ الأَسماءُ الحُسنىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ ما فِى السَّمـٰوٰتِ وَالأَرضِ ۖ وَهُوَ العَزيزُ الحَكيمُ ٢٤ ... سورة الحشر

پڑھنے کے بعد ایک بار سورہ فاتحہ اور گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھتے ہیں۔ کیا یہ طریقہ جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ آیات کا قبرستان میں ورد و وظیفہ کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قطعاً ثابت نہیں ہے۔ صحیح حدیث میں ہے :

«من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد» (بخاری و مسلم)

یعنی ''جو کوئی دین میں اضافہ کرتا ہے وہ مردود ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

## ج1ص752

محدث فتویٰ